(۳)

نام کتاب	:	جمالِ یوسف
مصنف	:	مولانا عبدالقیوم حقانی
ضخامت	:	304 صفحات
قیمت	:	درج نہیں
ملنے کا پتہ	:	القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد نوشہرہ

''جمالِ یوسف'' معروف عالم دین شیخ المشائخ حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ کے حالاتِ زندگی پر مشتمل ہے۔ مولانا موصوف کی زندگی اسلامی تعلیمات کا مرقع تھی۔ وہ بنیادی طور پر تو عالم دین تھے مگر ایک جامع شخصیت ہونے کے ناطے وہ ایک اچھے قائد، خوش بیان واعظ، پُر جوش خطیب، صاحب طرز ادیب، ماہر استاد، شاعر اور صاحب فراست سیاست دان تھے۔ انہیں دار العلوم دیوبند کے ممتاز علماء سے کسب فیض کا موقع ملا جن میں علامہ انور شاہ کاشمیری، مفتی محمد شفیع، مولانا محمد ادریس کاندھلوی، مفتی عزیز الرحمٰن اور مولانا عبدالرحمٰن امروہی (رحمۃ اللہ علیہم) جیسے اعاظم رجال شامل ہیں۔

مشاہیر کی زندگیوں کا مطالعہ قارئین میں جذبۂ فکر و عمل پیدا کرتا ہے۔ اس لئے بڑے لوگوں کے سوانح حیات کو قلمبند کرنا اور عوام الناس تک پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہوتا ہے۔ اس جذبے کے تحت فاضل مصنف نے مولانا محمد یوسف بنوریؒ کے سوانح ''جمالِ یوسف'' کے نام سے شائع کئے ہیں۔ اس کتاب میں مولانا موصوف کی زندگی کے مختلف گوشے سامنے لائے گئے ہیں جو قارئین کے لئے مینارۂ نور کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اکثر و بیشتر اقتباسات ہیں جو مختلف لوگوں نے ان کے بارے میں تحریر کئے ہیں۔ مولانا نے آزمائش کے مختلف دور دیکھے اور ہر دفعہ صبر و استقامت کا پہاڑ ثابت ہوئے۔ تحریک ختم نبوت کے قائد کی حیثیت سے جرأت اور ہمت کی مثال قائم کی۔

ٹائٹل دیدہ زیب اور جلد مضبوط ہے۔ کمپوزنگ کی چند ایک اغلاط ہیں جن کی درستگی ضروری ہے۔